فوری ریلیز کے لیے: 1/5/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر میں $53 ملین کے توسیعی کاموں کی تکمیل کا اعلان کیا

یہ کیپٹل منصوبہ فنون و ثقافت میں $11.3 ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کی عکاسی کر رہا ہے

گورنر Hochul (ہوکل) نے اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر (Storm King Art Center, SKAC) کو نئی عمارتوں اور زمینی سجاوٹوں کے ساتھ دوبارہ کھولنے کا اعلان کیا ہے، جس میں اجتماعی پارکنگ اور قابل رسائی سہولیات کے حامل مہمانوں کا استقبال کرنے والے پویلین ہیں؛ تحفظ، تعمیر اور دیکھ بھال کے امور کے لیے ایک عمارت تعمیر کی گئی ہے؛ اور زمین کی تزئین و آرائش کی انتظام کاری اور ماحولیاتی پائیداری کے حوالے سے ایک جامع نقطہ نگاہ اختیار کیا گیا ہے۔ $53 ملین کے اس منصوبے کو ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس (New York State Council on the Arts, NYSCA)، امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) اور ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) سے $11.3 ملین کی سرمایہ کاری کا تعاون حاصل ہے۔

"عالمی معیار کے فن اور ثقافت کو اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کے ذریعے دنیا کے خوبصورت ترین مناظر کے ساتھ مربوط کر دیا گیا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کی اس شاندار توسیع کے ذریعے ہڈسن ویلی (Hudson Valley) کو سیاحت میں اضافے، ترقی کے وسیع تر مواقع اور فنون و ثقافت کی بحال کرنے والی قوت جیسے زبردست فوائد حاصل ہو جائیں گے۔"

اورنج کاؤنٹی (Orange County) کے نیو ونڈسر ٹاؤن (New Windsor) میں واقع اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر مقامی، قومی اور بین الاقوامی شائقین کو 500 ایکڑ پر محیط ہڈسن ویلی کے حسین زمینی مناظر کے درمیان مجسمہ سازی کے شاہکار ملاحظہ کرنے کا موقع پیش کرتا ہے۔ اسٹارم کنگ نے ترقی کے تقاضوں کے جواب میں شائقین و ناظرین کے تجربے کو بہتر بنانے اور اپنے فنون، قدرتی مناظر اور لوگوں کی حفاظت کے لیے ایک کیپیٹل پروجیکٹ شروع کیا۔ اس مکمل شدہ منصوبے میں متعدد عناصر شامل ہیں: ٹکٹ اور معلومات کا پویلین، ریسٹ روم پویلین، اور ایک گروپ پویلین — جو مہمان نوازی کے لیے ایک آؤٹ ڈور لابی کے ذریعے باہم مربوط نئے مقامات ہیں اور جنہیں مقامی پودوں کے ساتھ سجایا گیا ہے؛ اور وہاں جدید ترین David R. Collens بلڈنگ بھی ہے جو تحفظ، فیبریکیشن اور دیکھ بھال جیسے امور کے لیے مخصوص ہے اور فن کاروں کے ساتھ کام کرنے اور فن پاروں کے ذخیرے کی دیکھ بھال کرنے میں میوزیم کی مدد و معاونت کرتی ہے۔ اس منصوبے میں میوزیم کے میدانوں میں واقع دو سابقہ پارکنگ لاٹس کو بھی نئے سرے سے بحال کیا گیا ہے، جس سے آرٹ اور پروگرامنگ کے لیے پانچ ایکڑوں پر محیط نئے لینڈ سکیپ کی تخلیق ہوئی ہے۔

ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس (New York State Council on the Arts) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Erika Mallin (ایریکا مالن) نے کہا، "اس طرح کی اہم ترین سرمایہ کاریاں ہمارے شعبے کی اہمیت اور اثر اور ریاست بھر میں فنون اور ثقافت کے تنوع کی حمایت کرنے سے متعلق گورنر اور مقننہ کی گہری سمجھ کی عکاسی کرتی ہیں۔ اس معاونت کے ذریعے اسٹارم کنگ ہزاروں نئے آنے والوں کو مبہوت کر دینے والے اس مقام کا تجربہ کرنے کے لیے راغب کرے گا جس سے آئندہ کئی نسلوں تک وہاں کے رہائشیوں اور وہاں آنے والے سیاحوں کی بہترین خدمت ہوتی رہے گی۔"

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "کئی نسلوں سے فنکاروں کو متاثر کرنے والے وادی ہڈسن کے دلکش اور پُرکشش نظاروں کے بالمقابل ان پرکشش تنصیبات اور نمائشوں کے ساتھ، اسٹارم کنگ صرف نیو یارک میں پایا جانے والا ایک انوکھا تجربہ ہے۔ امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور مڈ ہڈسن ریجنل اکنامک ڈیولپمنٹ کونسل (Mid Hudson Regional Economic Development Council) کو اسٹارم کنگ کی اس توسیع کی حمایت کرنے پر فخر ہے جس سے نہ صرف شائقین، رہائشیوں اور فن سے محبت کرنے والوں کی دلچسپی کو فروغ ملے گا بلکہ اس خطے اور ریاست بھر میں اس ثقافتی مقام کے مثبت اقتصادی اثرات کو بھی تقویت ملے گی۔"

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority) کی صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر Doreen M. Harris (ڈورین ایم ہیرس) نے کہا، "آج ہم تخلیقی حلوں کے ذریعے نیو یارک باسیوں کے لیے توانائی کی ترقی کو وسعت دینے والی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی طاقت کا جشن منا رہے ہیں۔ نئے اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر میں شائقین کے تجربے میں پائیدار تعمیراتی طریقوں کو شامل کرنا اس امر کی ایک عمدہ مثال ہے کہ یہ اہم ترین کام کتنے شاندار طریقے سے نیو یارک کے موجودہ منظر نامے میں بغیر کسی رکاوٹ کے گھل مل سکتا ہے اور وادی ہڈسن میں معاشی ترقی کی معاونت کر سکتا ہے۔"

اسٹارم کنگ کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Nora Lawrence (نورا لارنس) نے کہا، "اب جبکہ ہم اس تکمیل شدہ کیپٹل پروجیکٹ کی رونمائی اور نمائشوں کے ایک پُرجوش سیزن کا افتتاح کرنے جا رہے ہیں، میں شائقین کا اسٹارم کنگ میں دوبارہ استقبال کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس کر رہی ہوں۔ اسٹارم کنگ کے اس منصوبے میں بہت سوچ وچار کرنے کے بعد ایسی جگہیں ڈیزائن کی گئیں جو یہاں کے شاندار فنکارانہ پہلوؤں کو مزید اجاگر کر رہی اور وسعت دے رہی ہیں – یعنی لوگوں کو فطرت میں فنون کا یکجا تجربہ فراہم کر رہی ہیں۔ یہ ایک پائیدار مستقبل کے لیے ہمارے مشن اور عزم صمیم کا واضح اظہار ہے، اور یہ امر یقینی بنا رہا ہے کہ اسٹارم کنگ ہمیشہ ترقی بھی کرے گا اور آنے والی نسلوں کے ساتھ اپنے اس تجربے کو بانٹ بھی سکے گا۔"

ریاستی سینیٹر James Skoufis (جیمز سکافس) نے کہا، "اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کا کیپٹل پراجیکٹ ہمارے خطے کے لیے ایک شاندار اور انقلابی تبدیلیاں لانے والا اضافہ ہے، اور اب فن و ثقافت کے اس شاندار مقام کے لیے مزید بہتر تخلیقی مواقع اور موزوں نظم و نسق کا انتظام ہو گیا ہے۔ میں اس مرکز میں فنون کی تعلیمی پروگرامنگ کی مسلسل توسیع اور یہاں آنے والے تمام شائقین کے لیے بہتر رسائی کا مشاہدہ کرتے ہوئے بہت خوش ہوں، اور میں اس غیر معمولی وژن کی حمایت کرنے پر گورنر اور اسٹارم کنگ کی قیادت کا دل سے معترف ہوں۔"

کارن وال ٹاؤن کے سپروائزر Josh Wojehowski (جوش واجوسکی) نے کہا، "اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کا$53 ملین کا بصیرت بھرا یہ منصوبہ اس امر کی ایک شاندار مثال ہے کہ جب مقامی، کاؤنٹی کی اور ریاستی حکومتیں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے کسی علاقے کے اہم منصوبے پر مل کر کام کرتی ہیں تو کتنے عمدہ نتائج سامنے آتے ہیں۔ حتمی نتیجہ یہ نکلے گا کہ شائقین، عملہ، اور فنکاروں کے لیے اس آرٹ سنٹر کا تجربہ مزید بہتر ہو جائے گا۔ ٹاؤن آف کارن وال اور مقامی کاروباری برادری SKAC کے ساتھ مل کر اس آرٹ سینٹر کے شائقین کے لیے ہمارے شہر کے ڈاؤن ٹاؤن کے علاقوں کا دورہ مزید دلچسپ بنانے اور ہماری کمیونٹی کی تمام پیشکشوں سے استفعادہ کرنے کے مواقع پیدا کرنے کے لیے پر امید ہیں۔"

اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کے بارے میں مزید معلومات یہاں ملاحظہ کریں۔

ریاست نیویارک کونسل برائے آرٹس کا تعارف
ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کا مشن یہ ہے کہ ریاست نیویارک کے فنون لطیفہ، ثقافت، اور تخلیقی صلاحیتوں کی مکمل وسعت کو فروغ دیا جائے اور اسے سب کے لیے قابل رسائی بنایا جائے۔ پوری ریاست نیویارک میں فنون کی بحالی کے مسلسل جاری عمل میں معاونت کے لیے کونسل برائے آرٹس مالی سال 2025 کے لیے $162ملین ایوارڈ کرے گی، جن سے ریاست کے تمام 10 خطوں میں تنظیموں اور فنکاروں کو فائدہ پہنچے گا۔

کونسل برائے آرٹس فیلڈ میں رہنماؤں کو بلا کر اور تنظیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع اور معلوماتی وسائل فراہم کر کے نیویارک کی تخلیقی فضا کو مزید آگے بڑھاتی ہے۔ گورنر Nelson Rockefeller (نیلسن راکفیلر) کی جانب سے سنہ 1960 میں تخلیق کردہ اور گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور ریاست نیو یارک کی مجلس قانون ساز کے تعاون سے جاری رکھی گئی، کونسل ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔ NYSCA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہِ کرم arts.ny.gov ملاحظہ کریں، اور NYSCA کے Facebook پیج کو، X پر @NYSCArts کو اور Instagram پر @NYSCouncilontheArts کو فالو کریں۔

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (ESD) نیو یارک میں اقتصادی ترقی کی اہم ترین ایجنسی ہے۔ ESD کا مشن ایک مضبوط اور بڑھتی ہوئی معیشت کو فروغ دینا، نئی ملازمتوں اور اقتصادی مواقع کی تخلیق کی حوصلہ افزائی کرنا، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کی آمدنی میں اضافہ اور مستحکم اور متنوع مقامی معیشتیں قائم کرنا ہے۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD وہ بنیادی انتظامی ایجنسی بھی ہے جو علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلوں (Regional Economic Development Councils) کی نگرانی کرتی ہے اور ریاست کے مشہور و معروف سیاحتی برانڈ "I LOVE NEW YORK" کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ علاقائی کونسلوں اور امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی کے متعلق

اس منصوبے کو NYSERDA کے Building Cleaner Communities Competition سے $600,000 کی فنڈنگ ملی تاکہ اس میں پائیدار تعمیری طریقے نافذ کیے جائیں مثلاً ایئر سورس ہیٹ پمپ، انفعالی ڈیزائن والی حکمت عملیاں، توانائی بحال کرنے والی وینٹیلیشن، بہتر عمارتی غلاف، شمسی بجلی کے چھت پر نصب آلات، اور ان کے علاوہ الیکٹرک گاڑیوں کے 12 چارجنگ اسٹیشنوں کا بنیادی ڈھانچہ بھی بنایا جائے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں